# مسجد میں اسنوکر کلب یا فٹ بال کلب بنانا کیسا؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا مسجد میں اسنوکر یا فٹ بال کلب بنانا جائز ہے تاکہ آج کے ینگسٹر مسجد میں شوق سے آئیں اور نماز کے بعد تھوڑا کھیل بھی لیں۔اور اس ملک میں کئی مساجد والے ایسا کربھی چکے ہیں ۔اگر یہ ناجائز ہے تو پھر کوئی جواز کی صورت بھی بیان فرمادیں؟

سائل :عامر – انگلینڈ

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

مسجد میں اسنوکر کلب یا فٹ بال کلب بنانا ناجائز اور تغییرِ وقف ہے کہ مساجد عبادتِ الٰہی اور ذکر وتلاوت کے لیے بنائی جاتی ہیں نہ کہ کھیل کود جیسا کہ حدیث میں آیا نبی کریم ﷺ نے فرمایا: إِنَّمَا بُنِيَ هَذَا الْبَيْتُ لِذِكْرِ اللَّهِ وَالصَّلَاةِ" **یہ گھر (مسجد) صرف اللہ کا ذکر اور نماز کے لیے بنایا گیا ہے ۔**

(مسند امام احمد بن حنبل مسند ابی ہریرہ رقم 10533 )

مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ إِنَّمَا بُنِيَتِ الْمَسَاجِدُ لِمَا بُنِيَتْ لَهُ" مسجدیں تو صرف اس کے لیے بنائی گئی ہیں جس لئے یہ بنیں۔

(الصحیح المسلم کتا ب المساجد باب النہی عن نشد الضالۃ فی المسجد ج ۱ ص ۲۰۱ رقم الحدیث 569)

مسجد کی کسی جگہ کو کلب بنانا تغییرِ وقف ہے جو کہ ناجائز و حرام جیسا کہ فتاوی ہندیہ میں ہے" :وَلَا يَجُوزُ تَغْيِيرُ الْوَقْفِ عَنْ هَيْئَتِهِ فَلَا يَجْعَلُ الدَّارَ بُسْتَانًا وَلَا الْخَانَ حَمَّامًا وَلَا الرِّبَاطَ دُكَّانًا"

وقف کو اس کی ہیئت سے تبدیل کرنا جائز نہیں، لہذا گھر کو باغ اور سرائے کو حمام او ر رباط کو دکان بنانا جائز نہیں۔

(فتاوی ہندیہ باب الرابع عشر فی المتفرقات ج2 ص490)

جن کمیٹیز نے ایسا کیا انہوں نےناجائز امر کا ارتکاب کیا ان پر واجب ہے کہ وہ فورًا سے پہلے مسجد سے اسنوکر کلب وغیرہ کو ختم کریں اور اس اسنوکر کلب وغیرہ کے لیے جتنی رقم مسجد کی استعمال ہوئی وہ اپنی جیب سے بطورِ تاوان مسجد کو دیں۔

البتہ اگر اکسرسائز وغیرہ کے لیے فٹ بال کلب بنانا ہی ہو تو اس خاص مقصد کے لیے علیحدہ سے چندہ کر کے مسجد کے قریبی کسی جگہ بنایا جاسکتا ہے۔اس میں کوئی قباحت نہیں اگر یہ کسی اور ممنوعِ شرعی کا باعث نہ ہو تو۔

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**How is to offer snooker or football facilities in a mosque?**

الحمد لله والصلوة والسلام على رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Dīn and muftīs of the Sacred Law state regarding the following issue: Is it permissible to make a snooker or football club in a Masjid so that youngsters nowadays wholeheartedly feel like they want to come to the Masjid and can play a little after Salāh. There are many Masjids in the country which have already done this; if it is impermissible, then please can you also mention any permissible case for this?**

Questioner: Amir from UK

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃ الحَق والصواب

To offer snooker or football facilities in a Masjid is impermissible and is the changing of waqf [endowment i.e. what it was originally made for], as Masjids were created for the worship of the Lord Almighty, Dhikr and recitation of the Holy Qur'ān, not for play and amusement, just as it has been mentioned in Hadīth that the Noble Messenger ﷺ stated,

"إِنَّمَا بُنِيَ هَذَا الْبَيْتُ لِذِكْرِ اللَّهِ وَالصَّلَاةِ"

"This House (Masjid) has only been made for the Dhikr of Allāh and Salāh."

[Musnad Imām Ahmad Bin Hambal, no 10533]

It is also stated in a Blessed Hadīth in Muslim Sharīf that the Noble Prophet ﷺ stated,

"إِنَّمَا بُنِيَتِ الْمَسَاجِدُ لِمَا بُنِيَتْ لَهُ"

"Masjids have only been made for what they were [originally] made for."

[al-Sahīh al-Muslim, vol 1, pg 201, Hadīth no 569]

To make any part of the Masjid into games facilities is the changing of waqf which is impermissible and harām [unlawful], just as it is stated in Fatāwā Hindiyyah,

"وَلَا يَجُوزُ تَغْيِيرُ الْوَقْفِ عَنْ هَيْئَتِهِ فَلَا يَجْعَلُ الدَّارَ بُسْتَانًا وَلَا الْخَانَ حَمَّامًا وَلَا الرِّبَاطَ دُكَّانًا"

“It is impermissible to change something from its [original] state which had been made waqf, thus it is not permissible to make a house into a garden, a hotel into a washroom/bathing area nor a lodging area into a shop.”

[Fatāwā Hindiyyah, vol 2, ch 14, pg 490]

The committees who have done so are perpetrators of an impermissible action; it is wājib upon them to finish these snooker facilities, etc. straight away and give the amount of money which was spent from the Masjid on the snooker facilities, etc back to the Masjid out of their own pockets as compensation.

Nevertheless, if one is to offer football facilities for exercise purposes, etc. then one should make a donation appeal, asking for contributions for this specific purpose, and it can be made in a place nearby the Masjid: there is nothing wrong with this, so long as it does not conflict with any other prohibited matter of Sharī’ah.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali